الیکشن کمیشن آف پاکستان

Media Coordination and Outreach Wing

پریس ریلیز

مورخہ31مئی 2022

آج الیکشن کمیشن آ ف پاکستان کا اہم اجلاس چیف الیکشن کمشنر آ ف پاکستان جناب سکندر سلطان راجہ کی سربراہی میں منعقد ہوا ۔ جس میں ممبران الیکشن کمیشن کے علاوہ ، سیکرٹری الیکشن کمیشن اور دیگر افسران نے شرکت کی۔

سیکرٹری الیکشن کمیشن نے ملک میں جاری انتخابی فہرستوں کی نظر ثانی اور ابتدائی انتخابی فہرستوں کی ڈسپلے سنٹرز پر اشاعت سے متعلق بریفنگ دی ۔ اس موقع پر الیکشن کمیشن نے تمام صوبائی الیکشن کمشنر وں کو حکم دیا کہ عوام الناس کو انتخابی فہرستوں کی ڈسپلےکے دوران تما م اہل ووٹروں کے اندارج، درستگی اور اگرکوئی ووٹر اپنا ووٹ اپنے شناختی کارڈ کے مستقل یا عارضی پتہ کے مطابق تبدیل کروانا چاہتا ہے تو انہیں ہر ممکن سہولت مہیا کی جائے ۔ اور انہیں ضروری طریقہ کار سے بھی آگاہی فراہم کی جائے ۔

الیکشن کمیشن کو صوبوں میں بلدیاتی انتخابات کے انعقاد پر بھی بریف کیا گیا ۔ الیکشن کمیشن نے صوبہ بلوچستان میں مورخہ 29مئی 2022 کوہونے والےانتخابات کے انعقاد پر اطمینان کا اظہار کیا اور حکم دیا کہ جن 6پولنگ سٹیشنوں پر انتخابی عمل میں بے جا مداخلت ، انتخابی سامان کا چھیننا، بیلٹ پیپروں کو جلانا اورپولنگ سٹاف کو یرغمال بنانے کے واقعات ہوئے ہیں ان تمام ذمہ داران کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی ۔

مزید الیکشن کمیشن نے حکم دیا کہ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کے بلدیاتی انتخابات کا شیڈول فوری طور پر جاری کیا جائے۔بلوچستان کے اضلاع کوئٹہ ، لسبیلہ کے تمام کونسلوں کے لئے جبکہ ڈُکی ، مستونگ ، جعفرآباد ، کی رہ جانے والے یونین کونسلز اور ژوب میونسپل کمیٹی کے لئے الیکشن شیڈول جون 2022کے آخری ہفتہ میں جاری کیا جائے گا۔ اسی طرح صوبہ سندھ کے بلدیاتی انتخابات جاری شدہ شیڈول کے مطابق ہونگے ۔ اس سلسلےمیں صوبائی الیکشن کمشنر کو حکم دیا گیا کہ تمام انتظامات کی بروقت تکمیل کویقینی بنایا جائے ۔





چیف الیکشن کمشنر پاکستان جناب سکندر سلطان راجہ الیکشن کمیشن کی ہفتہ روزہ میٹنگ کی صدارت کر رہے ہیں